11317 ـ اللہ تعالی کے اسم " المصور " کا معنی ۔

سوال

اللہ تعالی کے اسم " المصور " کا معنی کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اللہ تعالی ہی مخلوق کا مصور ہے وہ جس طرح چاہے اس کی صورت بناتاہے ، اور وہ اللہ تعالی ہی ہے جس سب موجودات کی تصویر کشی کی اورہرایک چیزکواس کی خاص شکل وصورت عطا فرمائ جس کے ساتھ اس کی دوسری بہت سی مختلف اشیاءمیں سے تمییز ہوتی ہے ۔

اللہ سبحانہ وتعالی نے ہر شکل وصورت بنائ ایسے نہیں کہ کوئ مثال لے کر یا رسم اورخاکہ وغیرہ بنا کراللہ تعالی ان سب سے بلند وبالا ہے ، وہ تو جب کسی چیزکا ارادہ کرتا ہے اسے " کن " ہوجا کہتا ہے تووہ چیز اس صفت اورشکل میں ہوجاتی ہے جو وہ اختیارفرماتا ہے ، اوروہ جس چیز کی ایجاد چاہتا ہے وہ اسی صفت پر نافذ ہوتی ہے جسے وہ چاہے ۔

اوربعض نے الخالق اور البارئ اورالمصور میں فرق کیا ہے وہ اس طرح کہ :

الخالق :

وہ جوسب مخلوقات کو عدم سے وجود میں ان صفات میں لانے والا ہے جوکہ مقدر ہیں ۔

البارئ :

لوگوں کو مٹی سے پیداکرنے والا ۔

المصور :

مختلف شکل و صورتیں بنانے والا ۔

تو الخالق عام اور اس سے البارئ خاص ہے اورالمصور خاص الخاص ہے ۔ .